# اسلامی نظریاتی کونسل کی کارکردگی......ایک جائزہ

حافظ محمد عبدالرحمٰن ثانی

اسلامی نظریاتی کونسل کی ذمہ داریوں، کارکردگی اور کاوشوں سے عدم واقفیت کی بناء پر کہا جاتا ہے کہ اس کونسل کا فائدہ کیا ہے؟......اور اب تک اس نے کون سا ایسا کام کیا ہے جو ملک وقوم کے مفاد میں ہو یہ تو ہمیشہ اختلافی مسائل پر ہی رائے زنی کرتی ہے......وغیرہ وغیرہ......ہمارے ایک کرم فرما نے لکھا کہ کونسل کے کام کے حوالہ سے آپ جو معلومات پیش کررہے ہیں یہ تو پرانی ہیں موجودہ کونسل نے کیا کیا؟ اس کا سیدھا سادا جواب تو یہ ہے کہ اگر کونسل نے کچھ نہیں کیا تو یہ پورے ملک میں شور کیوں مچا ہوا ہے؟ الٹرا ماڈرن مغرب زدہ خواتین کیوں بلبلا رہی ہیں، کونسل کو ختم کرنے تک کی باتیں میڈیا پر اور ایوانوں میں کیوں ہورہی ہیں؟ اسی لئے کہ کونسل نے کچھ تو کیا ہے۔اور کونسل برابر اپنا کام کررہی ہے جبکہ کونسل کا کام سیکولر عناصر کو قبول نہیں، تو وہ چند مخصوص خواتین کی زبان سے اس پر احتجاج کرواتے ہیں ٹی وی چینلز پر ان سے دین اور علمائے دین کے خلاف ہرزہ سرائی کراتے اور خوش ہولیتے ہیں۔تاہم یہ دیکھنے کے لئے کہ کونسل نے گزشتہ دو تین برسوں میں کیا کیا ہے ہم ایک فہرست پر نظر ڈالتے ہیں جو ان امور کی ہے جو کونسل کے اجلاسوں میں زیر بحث آئے اور جن پر تجاویز مرتب کی گئیں......

۔جانوروں کے ذبیحہ کنٹرول (ترمیمی) ایکٹ پنجاب' ۲۰۱۲ء

۔خواتین کا بغیر محرم سفر حج۔شریعت اور قانون کی نظر میں۔

۔خواتین کے مفاد کے منافی اقدامات کا (ترمیمی فوجداری قانون) ایکٹ مجریہ ۲۰۱۱'

دفعہ ۴۹۸۔اے: خواتین کو وراثت سے محروم کرنے کی ممانعت

دفعہ ۴۹۸۔بی: جبری شادی کی ممانعت

دفعہ ۴۹۸۔سی: قرآن سے شادی کی ممانعت

دفعہ ۴۹۸۔ڈی: صوبائی حکومت کے زنا کی سزاؤں میں مداخلت کی ممانعت

۔بچوں (کم عمر افراد) کی شادی کے امتناع کا (ترمیمی) بل' ۲۰۰۹ء۔

۔دستور ۱۹۷۳ء کے آرٹیکل ۲ (اے) کے تناظر میں۔۔عدالتی فیصلے

۔اسلام آباد کے ایک اسکول میں ''ہم جنس پرستی'' کے موضوع پر مباحثہ۔

۔پاکستان کے الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی' کے قواعد وضوابط سے متعلق مسودہ پر کونسل سے مشاورت بحوالہ مراسلہ پیمرا

۔سینٹرل ڈائریکٹوریٹ آف نیشنل سیونگ کی ''حج بانڈ'' اسکیم۔۔۔شرعی نقطہ نظر سے غور وخوض......

''مرضی کے بغیر نکاح کی شرعی حیثیت''

''سکھوں کی مذہبی کتاب ''گرنتھ'' کے ایک واقعہ کا جائزہ بحوالہ مراسلہ۔

''جائیداد کی خرید وفروخت''

''عدالت عالیہ کی مسلسل توہین'' کے حوالہ سے جناب سلیم طارق لون' کے مراسلہ پر غور وخوض

۔بچوں (کم عمر افراد) کی شادی کے امتناع کا ترمیمی بل'۲۰۰۹ء۔

۔خواتین کے مفاد کے منافی اقدامات کا (ترمیمی فوجداری قانون) کا ایکٹ مجریہ ۲۰۱۱ء۔

۔خواتین کے مفاد کے منافی اقدامات کا (ترمیمی فوجداری) ایکٹ'۲۰۱۱ء کی دفعہ ۴۹۸۔بی ..........

۔خواتین کے مفاد کے منافی اقدامات کا (ترمیمی فوجداری) ایکٹ'۲۰۱۱ء کی دفعہ ۴۹۸۔سی ..........

۔گھریلو تشدد (انسداد' تحفظ) ایکٹ مجریہ'۲۰۰۹ء کی قابل اعتراض دفعات ..................

۔مخنث (خواجہ سرا) بچوں کو وراثت میں حصہ دلوانے کے لئے مسلم عائلی قوانین آرڈیننس'۱۹۶۱ء میں ترمیم کے لئے ایک بل'

۔مصیبت زدہ اور زیر حراست خواتین کے لئے فنڈ کے قیام کے ایکٹ میں مزید ترمیم کے لئے بل'۲۰۱۱ء

۔جبری تبدیلی مذہب کا مسئلہ۔۔۔

۔تحفظ اشیاء قدیمہ (نوادرات) ایکٹ'۱۹۷۵ء۔

۔معاشی نظام کی اصلاح کے لیے تجاویز۔

۔مسلم عائلی قوانین'۱۹۶۱ء پر بعض اعتراضات کا جائزہ۔

۔فقہ جعفریہ میں ''طلاق کا مسئلہ'' اور ایک مجلس کی تین طلاق کا حکم۔۔غور وخوض

۔رویت ہلال کے بارے میں رابطہ عالم اسلامی کی عالمی کانفرنس اور اس کے نتائج

۔سزائے موت کے خاتمے کا بل۔

''قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق'' کا انکار نسب کے مسئلہ سے متعلق کونسل سے استفسار

۔زکوۃ کے مسائل بابت ''مؤلفۃ القلوب'' کے بارے میں غور وخوض

۔زکوۃ فنڈ کو سرمایہ کاری کی غرض سے کمرشل بینکوں/مالیاتی اداروں میں رکھنا

۔زکوۃ وعشر سے متعلق کچھ استفسارات

۔مباحات پر پابندی کا حکومتی اختیار۱۲۔پنجاب کی نصابی کتب سے اسلامی' تاریخی اور سیرت وغیرہ کے اسباق نکالنے سے متعلق مراسلہ پر غور خوض۔

۔کلوننگ و ٹیسٹ ٹیوب بے بی و دیگر متعلقہ طبی مسائل پر شرعی نقطہ نظر۔۔مراسلہ از پاکستان اسلامک میڈیکل ایسوسی ایشن' اسلام آباد پر غور۔

۔زنا بالجبر کے کیسز میں DNA (ڈی این اے) ٹیسٹ کو بطور شہادت قبول کرنا۔
۔''توہین رسالت'' کے قانون میں ترمیم۔
نادرا کا ٹوپی/عمامہ والی تصویر قبول نہ کرنا۔
سزائے موت کے قیدیوں کو معافی یا موت دے کر اذیت سے بچانے کے لیے مراسلہ پر غور
(ج): میت کے ترکہ میں سے ایسے وارث کا حصہ جو مورث سے پہلے وفات پا گیا ہو سے متعلق ایک مراسلہ پر غور
اللہ، رسول اور اسلامی اقدار و ارکان کے لئے انگریزی الفاظ کی تحقیق و تصحیح
۔پنجاب جانوروں کے ذبیحہ کنٹرول (ترمیمی) ایکٹ' ۲۰۱۲ء کے بارے میں گورنر پنجاب کے ملاحظات پر غور
۔اسلام آباد کے ایک اسکول میں ''ہم جنس پرستی'' کے موضوع پر مباحثہ۔کونسل کا اظہار تشویش......
۔سینٹرل ڈائریکٹوریٹ آف نیشنل سیونگ کی ''حج بانڈ'' سکیم پر غور۔
۔مصرف زکوۃ ''وفی الرقاب'' کی تشریح
۔آئین کے آرٹیکل ۲(اے) کے تناظر آرٹیکل ۴۵ پر عدالتی فیصلے سے متعلق کونسل کے فیصلے میں اضافہ......
۔آئین پر رائے دہی سے متعلق کونسل کا اختیار
۔سزائے موت کے خاتمے کا بل
۔زکوۃ فنڈ کو سرمایہ کاری کی غرض سے کمرشل بینکوں/ مالیاتی اداروں میں رکھنا
۔مباحات پر پابندی کا حکومتی اختیار
۔پنجاب کی نصابی کتب سے اسلامی، تاریخی اور سیرت وغیرہ کے اسباق کا اخراج
لڑکی کی مرضی کے بغیر ''زبانی نکاح'' یا ''دعائے خیر'' کی شرعی حیثیت'
بھنگ کی ایک نئی قسم ''انڈسٹریل ہیمپ'' ''industrial hemp'' کی خصوصیات اور فوائد۔۔اور اس کی کاشت کرنے سے متعلق قانون سازی
بھنگ اور اس کی خاص قسم انڈسٹریل ہیمپ' کے بارے میں شرعی نقطہ نظر۔
بلاسود نظام معیشت کا قیام......عدالتی فیصلے و اسلام کے معاشی نظام کا فلسفہ'

پاکستان کی مسلم عوام، عوامی جماعتیں اور بالخصوص مذہبی جماعتیں اگر ملک میں اسلامی نظام کے نفاذ کی واقعتاً حامی ہیں تو یہ ان کا فرض ہے کہ وہ کونسل کی سفارشات پر عمل درآمد کے لئے اپنا اثر ورسوخ اور پارلیمانی قوت صرف کریں، اور ان قوانین میں اسمبلیوں سے ترامیم کروائیں جن کی نشاندہی کونسل کر چکی ہے اور جن کا متبادل بھی پیش کیا جا چکا ہے۔یہ ساری ترامیم قوانین کو اسلام کی روح کے مطابق بنانے ہی کے لئے ہیں اور اگر یہ ہو جائیں تو نفاذِ اسلام کا کام بہت حد تک ہو جائے گا......

القسم العربى

# مجلة الفقة الاسلامى

تصدر من

## اكاديمية الفقة الاسلامى المعاصر

ص ب ١٧٧٧٧ گلشن اقبال

كراتشي پاكستان


رئيس التحرير

الاستاذ الدكتور / نوراحمد شاهتاز

☆.......

مساعد رئيس التحرير

الاستاذ غلام نصير الدين نصير الدكتور محمد صحبت خان


## فهرس الموضوعات

الخدمات المصرفية



☆احذر كلمة سوف او تاخير الاعمال والتسويف باداء الواجب فان هذا اول الفشل والاخفاق .☆